اے پَرِندے ذکر کربل کي سُنا

اے پَرِندے ذکر کربل کي سُنا
حال کُچھ شبّیر پیاسے کا بتا

تین دن سے پیاسا تھا مَظلُوم وہ
العطش کہکر صدا دیتا تھا وہ
جب پھراتا تھا زُبان ھونٹون پہ وہ
پیاس کے مارے وہ کیسے تل مَلا

آگ جب برسا رہا تھا آسمان
تھے زمینِ گرم پہ شاہِ جہان
تُنے جب آنکھون سے دیکھا یہ سما
جا کے پھر ھمراھِیون سے یہ کہا

یون پرندہ درد سے کہنے لگا
تم درختون پہ ھو بیٹھے اِس جگہ
ھیں وھان آفت میں اِبن فاطمة
گُھنٹ پاني کا نھیں اُسکو مِلا

اُس گھڑي سارے پرندو نے کہا
کِس طرح ھم پیاس شِہ کي دے بُجھا
ھاتھ کي نعمة بھي گر دیتا خدا
کیسے ھو شبّیر کي خِدمة اداء

غمزداہ پھر اُس پرندے نے کہا
چُنچ میں پاني یہ لے کے نہر کا
تر کرینگے حلق ھم شبّیر کا
ھولے نے پھر نہر سے پاني بھارا

عرض كي مولىٰ پرندے آئے هيں
حق محبة كا نبهانے آئے هيں

چُنچ ميں پاني كے قطرے لائے هيں
بخشو يہ خِدمة كي نعمة اے شها

بهر گيا قلبِ حسينؑ اِبن علي
پنجتن بهي حزن ميں تهے اُس گهڑي

بے زبانو نے جو خِدمة عرض كي
شاه بولے كيا ميں اِنكو دو جَزَاء

تشنگي ميري بجهانے آئے هيں
بهر كے قطرے آب كے يہ لائے هيں

ظُلم اُمّة نے مگر يہ ڈهائے هيں
مار ڈالے تشن اَهلُ اَقرُبا

اے پرندو پاني ميں كيسے پيوں
حال كيا ميں اپني غربت كا كهوں

ميرے پياسے بچّو نِكلا هيں خوں
پياسي هيں خيمے ميں سب آلِ اَبىٰ

نو جواں ميرا تڑپتا هي رها
ايك قطره بهي نہ اُسكو دے سكا

ايك تها بچّا ميرا چهـ٦ ماه كا
تير سُكهے حلق په اُسكو لگا

اُس گهڑهي ٹهوكر لگائي شمر نے
اور چُهري بوٹهي چلائي حلق په

كي دُعاء سجدے ميں جاكے شاه نے
شمر نے تن سے كيا سر كو جُدا

عرض کرتا هيں يہ پُرسا اَشکو کا　　　هيں جمالي عبد بُرهان الهدیٰ
ماتمِ شبّيرمیں هو جانہ فِداءِ　　　هوکے خوش اے مولیٰ کرنا تم دُعاءِ

✲✲✲✲✲